## سوات میں خودکش حملہ پاکستان کوغیر مستحکم کرنے کی سازش ہے،الطاف حسین
## بے گناہ شہریوں کوخاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں
## سوات کے علاقے سہراب خان چوک کے قریب مارکیٹ میں خودکش بم دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔یکم مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات کے علاقے سہراب خان چوک کے قریب مارکیٹ میں خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاور بم دھماکے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بم دھماکے اور خودکش حملے کر کے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور ایسے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ خودکش حملہ پاکستان کوغیر مستحکم کرنے کی سازش ہےاور دہشت گرد عناصر اپنے گھناؤنی کارروائیوں کے ذریعہ پاکستان کو دنیا بھر میں بدنام کرنا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ سوات میں خودکش حملہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی کی ہمشیرہ رفعت صدیقی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست صوبائی وزیر برائے صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی کی بڑی ہمشیرہ محترمہ رفعت صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبدالرؤف صدیقی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## افغانستان میں امریکی یا نیٹو افواج کی تعداد میں اضافہ سے دہشت گردی کے خلاف جنگ نہیں جیتی جاسکتی،
## دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کیلئے اسکے اسباب کو ختم کرنا ہوگا۔سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال
## پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ ہے، پاک فوج کے ہزاروں افسران اور جوان شہید ہوچکے ہیں
## لیکن اتنی قربانیوں کے باوجود امریکی منڈیوں کے دروازے پاکستانی مصنوعات کیلئے بند ہیں،ہمیں ایڈ نہیں ٹریڈ چاہیے
## پاکستان میں ہر سیاسی جماعت کا لیڈر صدر، وزیراعظم بننے کا خواب دیکھتا ہے لیکن الطاف حسین ملک کے وہ واحد لیڈر ہیں جن کی ایسی کوئی خواہش نہیں۔امریکہ کے ممتاز تھنک ٹینک ''بیکرانسٹیٹیوٹ فار پالیسی'' کے تحت ہیوسٹن کی رائس یونیورسٹی میں لیکچر
## مصطفےٰ کمال پاکستان کے سب سے زیادہ مقبول نوجوان اور عوامی رہنما ہیں،فیس بک پر انکے 75 ہزار سے زائد فین ہیں اور عوام کی بہتری کیلئے ان کا وژن بہت زبردست ہے، فاؤنڈنگ ڈائریکٹر بیکرانسٹیٹیوٹ ایڈورڈ پی جیرجیئن

ہیوسٹن۔۔۔یکم مئی2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفےٰ کمال نے کہا ہے کہ افغانستان میں امریکی یا نیٹو افواج کی تعداد میں اضافہ سے دہشت گردی کے خلاف جنگ نہیں جیتی جاسکتی ،دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کیلئے دہشت گردی کے اسباب کو ختم کرنا ہوگا۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار امریکہ کے ممتاز تھنک ٹینک'' بیکرانسٹیٹیوٹ فار پالیسی'' کے تحت ہیوسٹن کی رائس یونیورسٹی میں لیکچر دیتے ہوئے کیا۔اس لیکچر میں انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹرز، ہیوسٹن یونیورسٹی کی مختلف فیکلٹیز کے ڈائریکٹرز،کئی امریکی پروفیسروں،صحافیوں اور طلبہ وطالبات سمیت لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر سابق سٹی ناظم کے دور میں کراچی میں بڑے پیمانے پر ہونے والے ترقیاتی منصوبوں اور مختلف شعبوں میں مصطفےٰ کمال کی نمایاں خدمات پر مبنی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال نے اپنے لیکچر میں کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری

عالمی جنگ میں کراچی کی انتہائی اہمیت ہے کیونکہ افغانستان میں برسر پیکار امریکی اور نیٹو فورسز کی تمام سپلائی کراچی کی بندرگاہ کے ذریعے افغانستان تک جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ افغانستان میں 90 ہزار امریکی و نیٹو افواج دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں مصروف ہیں جبکہ پاکستان میں 47 ہزار پاکستانی مسلح افواج بھی اس جنگ میں شریک ہیں لیکن تاحال دہشت گردی کا خاتمہ نہیں کیا جاسکا ہے۔انہوں نے کہا کہ افغانستان میں امریکی فوجوں کی تعداد میں اضافہ سے دہشت گردی کا خاتمہ نہیں ہوسکتا، اس کیلئے ضروری ہے کہ پاکستان اور افغانستان میں گڈ گورننس اور مفلوک الحال عوام کی معاشی حالت بہتر بنانے، انہیں صحت، تعلیم اور زندگی کی بنیادی سہولتیں فراہم کرنے پر توجہ دی جائے ورنہ انتہا پسند قوتیں عوام کی بدحالی کا فائدہ اٹھاتی رہیں گی اور دہشت گرد پیدا ہوتے رہیں گے۔مصطفےٰ کمال نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ اور امریکہ کا سب سے بڑا اتحادی ہے اور اب تک پاک فوج کے ہزاروں افسران اور جوان دہشت گردی کی اس جنگ میں شہید ہو چکے ہیں لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ اتنی قربانیوں کے باوجود امریکی منڈیوں کے دروازے پاکستانی مصنوعات کیلئے بند ہیں، دوستی کا تقاضہ ہے کہ پاکستانی مصنوعات کو امریکی منڈیوں تک رسائی دی جائے، ہمیں ایڈ نہیں ٹریڈ چاہیے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں عوام امریکی ڈرون حملوں کے بارے میں زیادہ جانتے ہیں لیکن وہ امریکی امداد کے بارے میں لاعلم ہوتے ہیں لہٰذا امریکہ کو چاہیے کہ وہ حکمرانوں کے بجائے عوام کی مدد کرے اور پاکستان میں یونیورسٹیاں اور تعلیمی ادارے قائم کرے اور ترقی میں تعاون کرے۔پاکستان کی سیاسی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے مصطفےٰ کمال نے کہا کہ پاکستان اس وقت سیاسی و معاشی لحاظ سے ''آئی سی یو'' میں ہے اور اسے اس تشویشناک حالت سے نکالنے کیلئے فیوڈل سسٹم کو ختم کرنا ہوگا، صوبائی خودمختاری دینی ہوگی، ڈی سینٹرلائزیشن کرنی ہوگی اور لوگوں پر اعتماد کرتے ہوئے اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنا ہوگا اور عوام میں احساس شرکت پیدا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں تھرڈ آپشن کے طور پر سامنے آرہی ہے اور پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی اس کا ثبوت ہے، ایم کیوایم کی قیادت جاگیرداروں یا وڈیروں کے بجائے غریب اور مڈل کلاس لوگوں پر مشتمل ہے اور وہ غریب اور متوسط طبقہ کے باصلاحیت اور تعلیم یافتہ کو ہر سطح پر نمائندگی دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ہر سیاسی جماعت کا لیڈر صدر، وزیراعظم بننے کا خواب دیکھتا ہے لیکن الطاف حسین ملک کے وہ واحد لیڈر ہیں جن کی ایسی کوئی خواہش نہیں، جنہوں نے آج تک نہ تو خود الیکشن لڑا اور نہ ہی انکے خاندان کے کسی رد نے الیکشن لڑا بلکہ انہوں نے اپنے باصلاحیت اور پڑھے لکھے کارکنوں کو اسمبلیوں میں بھیجا، وہ چاہتے تو اپنے بھائی بہنوں اور خاندان کے دیگر افراد کو مختلف حکومتی عہدوں پر فائز کراسکتے تھے لیکن انہوں نے اپنے کارکنوں کو ایم این اے، ایم پی اے، سٹی ناظم، منسٹر اور گورنر بنایا۔مصطفےٰ کمال نے اپنے دور میں کراچی میں کئے جانے والے ترقیاتی منصوبوں اور صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں میں کی جانے والی خدمات پر بھی روشنی ڈالی۔انہوں نے شرکاء کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیئے۔قبل ازیں بیکر انسٹیٹیوٹ کے فاؤنڈنگ ڈائریکٹر ایڈورڈ پی جیرجیئن نے اپنے خیر مقدمی کلمات میں کہا کہ مصطفےٰ کمال پاکستان کے سب سے زیادہ مقبول نوجوان اور عوامی رہنما ہیں، فیس بک پر انکے 75 ہزار سے زائد فین ہیں اور عوام کی بہتری کیلئے ان کا وژن بہت زبردست ہے، انہوں نے کراچی کے میئر کی حیثیت سے جنوبی ایشیا کے سب سے زیادہ آبادی والے شہر میں مذہبی انتہا پسندی، فرقہ وارانہ تصادم اور دہشت گردی کے تمام تر خطرات میں رہتے ہوئے عوام کی بے مثال خدمت کی اور انفرا اسٹرکچر، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں بہترین خدمات انجام دیں جس کی وجہ سے انہیں ورلڈ اکنامک فورم کی جانب سے ینگ گلوبل لیڈر قرار دیا گیا۔ایڈورڈ پی جیرجیئن نے لیکچر کیلئے تشریف لانے پر بیکر انسٹیٹیوٹ کی جانب سے مصطفےٰ کمال کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

## محمود خان اچکزئی کے فرسٹ کزن اور قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان کی ممتاز قبائلی شخصیت جہانزیب اچکزئی نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی

## الطاف حسین ہی وہ لیڈر ہیں جو ملک کو مسائل کی دلدل سے نکال سکتے ہیں۔جہانزیب اچکزئی

کوئٹہ۔۔۔یکم مئی 2010ء

پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی کے فرسٹ کزن اور بلوچستان کے شہر قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان کی ممتاز قبائلی شخصیت جہانزیب اچکزئی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہو کر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔اس بات کا اعلان انہوں نے آج ایم کیوایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن انور خان ترین اور پشین کے ڈسٹرکٹ انچارج عبدالطیف سے ملاقات میں کیا۔ایم کیوایم کے رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے جہانزیب اچکزئی نے کہا کہ میں تمام سیاسی جماعتوں کا جائزہ لینے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو غریب اور مڈل کلاس کے باصلاحیت افراد کو ایوانوں میں بھیج کر ملک میں مثبت تبدیلی لاسکتی ہے اور الطاف حسین ہی وہ لیڈر ہیں جو ملک کو مسائل کی دلدل سے نکال سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جس طرح غریب اور مڈل کلاس کو آگے لائی ہے اس نے پورے ملک کے محروم عوام کو بڑا حوصلہ دیا ہے۔ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے فون کر کے جہانزیب اچکزئی کو ایم کیوایم میں شمولیت پر مبارکباد پیش کی

## پشتو زبان کے معروف شاعرودانشور پروفیسر اباسین یوسف زئی کی سربراہی میں وفد کی نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔01 مئی 2010ء

پشتو زبان کے معروف شاعرودانشوراور پشاور یونیورسٹی کے پشتو ڈیپارٹمنٹ کے چیئر مین پروفیسر اباسین یوسف زئی کی سربراہی میں پختون دانشوروں کے ایک وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کرکے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور واسع جلیل سے ملاقات کی اوران سے ملک کی مجموعی صورتحال اوردہشت گردی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں ،سمیت باہمی دلچسپی کے دیگرامور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔وفد کے ارکان میں پختون تھنکر فورم کے انچارج و پختون اسٹوڈینٹس فیڈریشن کے سابق صوبائی صدر قاسم جان،قادرخان ایڈووکیٹ،فیاض خٹک اور Atv خیبر چینل کے انیکر پرسن حنیف خان بھی شامل تھے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مہمان وفد کو نائن زیروآمد پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خیر مقدم کیا اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ ملک کی ترقی وخوشحالی،عوام کی فلاح و بہبوداور بھائی چارگی کے فروغ کی بات کی ہے اور خدمت انسانیت کا درس دیا ہے۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکرو فلسفے ،دہشت گردی کی خلاف ایم کیوایم کی پالیسیوں اور کراچی میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کی تفصیل سے مہمانوں کو آگاہ کیا۔اس موقع پر مہمان وفد کے ارکان نے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی پالیسیوں اور کراچی میں ترقیاتی کاموں کی تعریف کی اورامن وامان کی صورتحال پر قابو پانے اور بھائی چارگی کی فضاء قائم رکھنے کیلئے باہمی رابطے بڑھانے پر اتفاق کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ایم کیوایم کے شہید چیئر مین عظیم احمد طارق شہید کی برسی منائی گئی

کراچی ۔۔۔01 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ہرسال کی طرح امسال بھی ایم کیوایم کے سابق چیئر مین عظیم احمد طارق شہید کی 17 ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی۔17 ویں برسی کا مرکزی اجتماع یکم مئی کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور عظیم احمد طارق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔برسی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس احمد قائمخانی ،ارا کین کنور خالد یونس،واسع جلیل،سلیم تاجک،ڈاکٹر صغیر احمد، ڈاکٹر نصرت،کنور نوید جمیل،کیف الوریٰ اور محترمہ نسرین جلیل،حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،سینیٹرز،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،مشیران ،سابق ٹاؤن ناظمین،سابق بلدیاتی قیادت ،ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان ،کراچی کے سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان ،ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور عظیم احمد طارق شہید سمیت ایم کیوایم کے تمام حق پرست شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور بالخصوص پاک فوج کے افسران و جوانوں کیلئے بھی دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام کی مغفرت فرمائے جنھوں نے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

## حق پرست صوبائی وزیر رضاہارون کی پی ای سی ایچ ایس میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق بچی کے اہلخانہ سے تعزیت

کراچی ۔۔۔01 مئی 2010ء

حق پرست صوبائی وزیر رضاہارون گزشتہ روز اسٹریٹ کرائم میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والی بارہ سالہ معصوم بچی زارا کی رہائشگاہ پی ای سی ایچ ایس جا کران کے سوگوارلواحقین کے اہلخانہ سے ملاقات کی اوراپنی اور قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے مکمل یقین دہانی کرائی۔وہ کچھ دیر سوگواران کے ہمراہ رہے اورانہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولہ کے درجات بلند کرے اورتمام لواحقین کو صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔اس موقع پر رضاہارون نے علاقے کے ایس ایچ او سے پی ای سی ایچ ایس میں بڑھتی ہوئی جرائم کی وارداتوں پر بازپرس کی اور کہا کہ وہ سفاک قاتلوں اوران کے سرپرستوں کی گرفتاری میں کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔اس موقع پر مقتولہ بچی کے اہلخانہ نے دکھ کی اس گھڑی میں اظہار ہمدردی کرنے پر قائدتحریک الطاف حسین اورصوبائی وزیر رضا ہارون کاشکریہ ادا کیا۔

## بجلی کے نرخوں میں کمی کا اطلاق کراچی کے شہریوں پر کیا جائے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔01 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے نیپرا کی جانب سے بجلی نرخوں میں 57 پیسے کی کمی کے اطلاق کو کراچی کے صارفین کیلئے نہ کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اسے کراچی کے عوام کے ساتھ کھلی زیادتی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی میں بجلی کے نرخ واپڈا کے نرخوں سے پہلے ہی زیادہ ہیں اور کراچی کے شہری مہنگی ترین بجلی استعمال کررہے ہیں جو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے عذاب کے باوجود بھی ہر ماہ پوری دیانت داری کے ساتھ باقاعدگی سے بجلی کے بل کی مد میں بھاری رقوم بھی جمع کروارہے ہیں انہیں بجلی کے نرخوں میں ہونیوالی کمی سے مستثنیٰ قرار دینا سراسر زیادتی اور کھلی کراچی دشمنی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب پیپکو کی ایماء پر کراچی کو بجلی کی فراہمی میں کٹوتی کی جارہی ہے اور دوسری جانب کراچی کے شہریوں کو بجلی میں ہونے والی کمی کا فائدہ نہیں پہنچایا جارہا ہے جو کراچی کے عوام کیلئے گہری تشویش کا باعث ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ واپڈا کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں 57 پیسے کی کمی کا اطلاق فی الفور کراچی کے صارفین پر لاگو کیا جائے اور کراچی دشمن اقدامات سے باز رہا جائے۔

## غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے انقلاب کا راستہ روکا نہیں جاسکے گا، رابطہ کمیٹی
## ڈیرہ مراد جمالی میں ریلی کے انعقاد پر ایم کیو ایم بلوچستان کے کارکنان کو خراج تحسین

کراچی۔۔۔یکم مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب میں ایم کیو ایم کے کنونشن کی کامیابی کی خوشی میں ایم کیو ایم بلوچستان کے تحت ڈیرہ مراد جمالی میں ریلی کے انعقاد پر ایم کیو ایم بلوچستان کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر میں ایم کیو ایم کا پیغام تیزی سے فروغ پارہا ہے اور عوام میں شعوری بیداری کا عمل تیز ہوچکا ہے۔ انشاء اللہ اب غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے انقلاب کا راستہ روکا نہیں جاسکے گا۔ رابطہ کمیٹی نے ریلی میں شرکت کرنے والے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو زبردست شاباش دیتے ہوئے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام عام کرنے کیلئے مزید محنت ولگن سے کام کرتے رہیں۔

## مزدور پاکستان کی معاشی حیثیت میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتے ہیں۔ ڈاکٹر علی حسین چودھری

لاہور۔۔۔۔ یکم مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین چودھری نے کہا ہے کہ مزدور پاکستان کی معاشی حیثیت میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کو ان کے حقوق دیئے بغیر اور ان کے بچوں کو تعلیم اور علاج کی مکمل سہولتیں دیئے بغیر اب پاکستان کو آگے چلانا ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے بچوں کا علاج بھی اُسی ہسپتال میں ہونا چاہیئے جس میں امیروں کے بچوں کا ہوتا ہے اور تمام طبقات کے لئے یکساں نظام تعلیم وضع ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں مزدوروں کی آمدنیوں کو مہنگائی کے مطابق متعین کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزدوروں سے کہا کہ وہ اپنے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کریں متحدہ قومی موومنٹ ان کا بھرپور ساتھ دیگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی اس ملک میں 98 فیصد مظلوم محکوم اور پسے ہوئے طبقے کی حکمرانی چاہتے ہیں۔ لہٰذا مزدوروں کو بھی چاہئے کہ وہ اس جدوجہد میں شامل ہوجائیں۔

## آج مسئلہ مزدوروں اور کسانوں کے حقوق کے حصول کا نہیں بلکہ شرکتِ اقتدار کا ہے۔ ڈاکٹر افتخار حسین بخاری
## مزدور کی خوشحالی کے بغیر پاکستان کی معیشت ترقی نہیں کرسکتی۔ محمد علی جواد

لاہور۔۔۔۔۔یکم مئی 2010ء

آج یوم مئی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون نے پی ٹی سی ایل لیبر یونین اور دیگر اداروں کے مزدوروں کے ہمراہ چوک جی پی او لاہور سے چیئرنگ کراس تک ریلی نکالی۔ اس ریلی میں لاہور زون کے سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر افتخار حسین بخاری، رکن زونل کمیٹی محمد علی جواد اور مجتبیٰ گیلانی کے علاوہ عزیز بھٹی ٹاؤن انچارج ندیم کھوکھر نے خاص طور پر

شرکت کی اور چیئرنگ کراس پہنچ کر اظہار خیال کیا۔ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج مسئلہ مزدوروں اور کسانوں کے حقوق کے حصول کا نہیں بلکہ شرکتِ اقتدار کا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ اس ملک کے مزدوروں ، کسانوں اور محنت کشوں کو اقتدار میں شریک کرنا چاہتی ہے۔محمد علی جواد نے کہا کہ مزدور کی خوشحالی کے بغیر پاکستان کی معیشت ترقی نہیں کرسکتی۔مجتبیٰ گیلانی اور ندیم کھوکھر نے بھی اس موقع پر مزدوروں کے حقوق اور جدوجہد کے ساتھ ایم کیوایم کے مکمل تعاون اور الطاف حسین بھائی کے فکروفلسفہ کی روشنی میں جمہوری انقلاب کی بات کی۔تقاریر کے بعد ریلی چیئرنگ کراس پر اختتام پذیر ہوگئی۔

## صوبائی وزیر سندھ صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی سے ان کی بڑی ہمشیرہ رفعت صدیقی کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار۔

لاہور۔۔01 مئی،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لاہور زونل کمیٹی، لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی، لاہور ریذیڈنس کمیٹی اور متحدہ لائرز فورم کی جانب سے صوبائی وزیر سندھ صنعت وتجارت عبدالروف صدیقی سے ان کی بڑی ہمشیرہ رفعت صدیقی کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے،اپنے ایک تعزیتی بیان میں لاہور زون کمیٹی نے کہا کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا کرے،ان کے درجات کو بلند کرے اور لواحقین کو صبر وجمیل عطا کرے۔

## پنجاب کی سیاست کا رخ تبدیل ہورہا ہے۔عوامی انقلاب نزدیک آرہا ہے۔فیصل فجاج ڈار

لاہور۔۔۔۔۔کیم مئی 2010 ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زونل کمیٹی کے رکن فیصل فجاج ڈار نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پنجاب کنونشن کی کامیابی سے پنجاب کی سیاست کا رخ تبدیل ہورہا ہے۔اور عوامی انقلاب نزدیک آرہا ہے اور جس تیزی سے پنجاب کے عوام ایم کیوایم کی طرف آرہے ہیں اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پنجاب میں تیزی سے تبدیلی آرہی ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کو پنجاب کے عوام تیزی سے قبول کررہے ہیں۔وہ وقت جلد آنے والا ہے جب ملک کے چاروں کونوں میں حق پرستوں کی آواز سنائی دے گی۔ایم کیوایم اپنے قائد کے نظریہ حقیقت پسندی اور عملیِ عملیت پسندی پر پورا یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے سب سے پہلے غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی کے لئے نہ صرف عملی جدوجہد کی بلکہ غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو ملک کے اعلیٰ ایوانوں میں بھیجا۔یہ سب قائد تحریک جناب الطاف کے اس ویژن کا حصہ ہے جس میں ملک کے 98 فیصد عوام کی حکمرانی سرِ فہرست ہے۔

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،حق پرست وزراء، اراکان اسمبلی،شعبہ جات اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔کیم مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست صوبائی وزیر برائے صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی کی بڑی ہمشیرہ محترمہ رفعت صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)دریں اثناء حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،ارکان سینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلی،ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان نے بھی حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی کی ہمشیرہ رفعت صدیقی کے انتقال پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی کے ہمشیرہ رفعت صدیقی کو یاسین آباد قبرستان میں سپرد خاک

## نماز ہ وجنازہ میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی ودیگر کی شرکت

کراچی ۔۔۔یکم رمئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر برائے صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی کی بڑی ہمشیرہ محترمہ رفعت صدیقی مرحومہ مرحومہ کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان یاسین آباد قبرستان میں سپرد کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ بعد نماز مغرب مدینہ مسجد بلاک نمبر 10 فیڈرل بی ایریا میں ادا کی گی ،نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس ،سید شعیب احمد بخاری، حق پرست وزراء، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ،سابقہ بلدیاتی قیادت، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے علاوہ مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے بھی عبدالرؤف صدیقی سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گھر جا کر سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔دریں اثناء رفعت صدیقی مرحومہ کی فاتحہ سوئم بروز اتوار بعد نماز عصر مرحومہ کی رہائشگاہ واقع B-123 فیڈرل بی ایریا بلاک 10 میں ہوگی جس میں مرحومہ کی روح ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆